# قدوائی انگلش اسکول

نظم : 1 | حمد | تیسری جماعت

ا۔ نظم لکھیے :۔

ازل سے ابد تک تو ہی جانتا ہے — نہیں ترا ثانی نہ ہوگا ہوا ہے
اندھیرے پہاڑوں پہ کالی سی چیونٹی — جو چلتی ہے اس کو بھی تو دیکھتا ہے
سبھی کچھ ہے تیرا مگر ہم بھی تیرے — نہیں کوئی معبود تیرے سوا ہے
ہر اک چیز ہے فانی ، ہو کر رہے گی — مگر تو ہے باقی نہیں انتہا ہے
گناہوں کو تو بخش دے یا الٰہی — کہ حافظ کی ہر دم یہی التجا ہے

II۔ ان الفاظ کے معنی لکھیے :۔


۱۔ ازل : ابتداء۔ ۲۔ ابد : انتہا۔ ۳۔ ثانی : دوسرا۔
۴۔ معبود : جس کی عبادت کی جاتی ہے مراد اللہ۔ ۵۔ فانی : فنا ہونے والا۔

III۔ ان اشعار کو مکمل کیجیے :۔

۱۔ ازل سے ابد تک تو ہی جانتا ہے — نہیں ترا ثانی نہ ہوگا ہوا ہے۔
۲۔ اندھیرے پہاڑوں پہ کالی سی چیونٹی — جو چلتی ہے اس کو بھی تو دیکھتا ہے۔
۳۔ سبھی کچھ ہے تیرا مگر ہم بھی تیرے — نہیں کوئی معبود تیرے سوا ہے۔
۴۔ ہر اک چیز ہے فانی ، ہو کر رہے گی — مگر تو ہے باقی نہیں انتہا ہے۔
۵۔ گناہوں کو تو بخش دے یا الٰہی — کہ حافظ کی ہر دم یہی التجا ہے۔

IV۔ مثال کے مطابق حروف کو ملا کر ہم وزن الفاظ بنائیے :۔

مثال :۔ ذات صفات



2

۱۔عادت رات۔ ۲۔فطرت بات۔

۳۔قدرت عبادت۔

VI۔ان الفاظ کی ضد لکھیے:۔

۱۔ازل=ابد۔ ۲۔ابتداء=انتہا۔ ۳۔اندھیرا=اجالا۔

۴۔تیرا=میرا۔ ۵۔گناہ=بےگناہ۔ ۴۔فانی=باقی۔

V۔مثال کے مطابق نیچے دیئے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے:۔

مثال:۔ معبود= م ع ب و د۔

۱۔فانی= ف ا ن ی۔

۲۔ثانی= ث ا ن ی۔

۳۔پہاڑ= پ ہ ا ڑ۔

۴۔باقی= ب ا ق ی۔

۵۔حافظ= ح ا ف ظ۔

VI۔ان سوالوں کے جواب لکھیے:۔

۱۔حمد کسے کہتے ہیں؟

ج۔اللہ کی تعریف میں لکھی جانے والی نظم کو حمد کہتے ہیں۔

۲۔دنیا کی کونسی چیز فانی ہے؟

ج۔دنیا کی ہر چیز فانی ہے۔

۳۔ابتداء سے انتہا تک رہنے والا کون ہے؟

ج۔ابتداء سے انتہا تک رہنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔

۴۔ازل اور ابد کسے کہتے ہیں؟

ج۔ازل ابتداء کو اور ابد انتہا کو کہتے ہیں۔

۴۔ہم کو التجا کس سے کرنی چاہیئے؟

ج۔ہم کو التجا اللہ تعالیٰ سے کرنی چاہیئے۔

۵۔کیا اللہ کا کوئی ثانی ہے؟

ج۔اللہ کا کوئی ثانی نہیں ہے۔

۶۔اللہ کہاں چلتی ہوئی چیونٹی بھی دیکھ سکتا ہے؟

ج۔اندھیرے پہاڑوں پر چلتی ہوئی چیونٹی کو بھی دیکھ سکتا ہے۔

Scanned with CamScanner

3

س۔ حافظ کی کیا التجاء ہے؟

ج۔ حافظ کی یہ التجا ہے کہ اے اللہ ہمارے گناہوں کو بخشش دے یا الٰہی۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@

نظم: 2 نعت تیسری جماعت

ا۔ نظم لکھیے:۔

پیارے پیارے پیارے آقا ﷺ سب کی آنکھوں کے تارے آقا ﷺ
سارے نبیوں کے سردار رب کے بھی وہ پیارے آقا ﷺ
شاہِ دنیا سرورِ دیں ہیں سارے جگ سے نیارے آقا ﷺ
سارے عالم کی وہ رحمت امت کے دکھیارے آقا ﷺ
پتھر کھا کر دی ہیں دعائیں شافع محشر پیارے آقا ﷺ
آؤ ان کی راہ چلیں ہم شائق سب کے پیارے آقا ﷺ

II۔ ان الفاظ کے معنی لکھو:۔

ا۔ آنکھ کے تارے: چہیتے۔ ۲۔ سردار: امام۔ ۳۔ محشر: قیامت۔

۴۔ نیارے: انوکھے۔ ۵۔ شافع: سفارش کرنے والے۔

۶۔ سرورِ دیں: دین کے بادشاہ۔ ۷۔ جگ: دنیا۔ ۸۔ رحمت: مہربانی۔

۹۔ دکھیارے: دلاسہ دینے والے۔ ۱۰۔ آقا: سردار۔ ۱۱۔ راہ: راستہ۔

III۔ نیچے دیے گئے الفاظ کی مدد سے مصرعوں کو مکمل کیجیے:۔

( راہ جگ تارے نبیوں دکھیارے )

ا۔ سب کی آنکھ کے تارے آقا ﷺ۔ ۲۔ سارے نبیوں کے سردار ﷺ۔


۳۔ امت کے دکھیارے آقا ﷺ۔ ۴۔ آؤ ان کی راہ چلیں ہم۔

۵۔ سارے جگ سے نیارے آقا ﷺ۔

IV۔ مثال کے مطابق رے ملا کر ہم وزن الفاظ بنائیے:۔

Scanned with CamScanner

مثال:- پیارے: نیارے۔




ا۔ تمہارے: دلارے۔

۲۔ ہمارے: مارے۔

۳۔ ستارے: تارے۔

V۔ الفاظ کو ترتیب سے لکھ کر مصرعے مکمل کیجیے:۔

ا۔ کے تارے آنکھ سب کی آقا ﷺ

ج۔ سب کی آنکھوں کے تارے آقا ﷺ۔

۲۔ نبیوں کے سارے سردار ﷺ

ج۔ سارے نبیوں کے سردار۔

۳۔ پیارے محشر آقا ﷺ شافع

ج۔ شافع محشر پیارے آقا ﷺ۔

۴۔ جگ آقا ﷺ نیارے سارے سے

ج۔ سارے جگ سے نیارے آقا ﷺ۔

VI۔ ذیل میں بے ترتیب حروف دیئے گئے ہیں۔ مثال کے مطابق انہیں ترتیب دے کر الفاظ بنائیے:۔

مثال: ے ا پ ے ر = پ ے ا ر ے = پیارے۔

ا۔ ل ا د ر ے = د ل ا ر ے = دلارے۔

۲۔ ن ے ب ں و = ن ب ے و ں = نبیوں۔

۳۔ ا ل ع م = ع ا ل م = عالم۔

۴۔ ر ے س ا = س ا ر ے = سارے۔

۵۔ د ا ر س ر = س ر د ا ر = سردار۔

۶۔ ہ ر ب ر = ر ہ ب ر = رہبر۔

۷۔ م ت ر ح = ر ح م ت = رحمت۔

۸۔ ء ش ق ا = ش ا ء ق = شائق۔

۹۔ ر و س ا = س ر و ر = سرور۔

VII۔ ان سوالوں کے جواب لکھیے:۔

Scanned with CamScanner

6

ا۔ نعت کسے کہتے ہیں؟

ج۔ حضور پاک ﷺ کی تعریف میں لکھی جانے والی نظم کو نعت کہتے ہیں۔

۲۔ سب کی آنکھوں کے تارے کون ہیں؟

ج۔ سب کی آنکھوں کے تارے آقا ﷺ ہیں۔

۳۔ امت کے دکھیارے کون ہیں؟

ج۔ امت کے دکھیارے آقا ﷺ ہیں۔

۴۔ آپ ﷺ ساری دنیا کے لئے کیا بن کر ے؟

ج۔ آپ ﷺ ساری دنیا کے لئے رحمت بن کر آئے۔

۵۔ ہم کو کس کی راہ پر چلنا چاہئے؟

ج۔ ہم کو آقا ﷺ کی راہ پر چلنا چاہئے۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@

سبق: 1 سچائی کا پھل تیسری جماعت

ا۔ ان الفاظ کے معنی لکھیے:۔

ا۔ قافلہ: مسافروں کی جماعت۔ ۲۔ تعجب: حیرت۔ ۳۔ سردار: لیڈر۔

۴۔ نصیحت: اچھی بات۔ ۵۔ ڈاکو: لٹیرا۔ ۶۔ لوٹ مار: زبردستی چھیننا۔

II۔ خالی جگہوں کو نیچے لکھے ہوئے مناسب الفاظ سے بھرتی کیجیے:۔

(جھوٹ مال بزرگ ڈاکوؤں ریل بس)

ا۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ایک بہت بڑے بزرگ تھے۔

۲۔ کبھی جھوٹ نہیں بولنا چاہئے۔

۳۔ راستے میں ڈاکوؤں نے انہیں لوٹ لیا۔

۴۔ سارا لوٹا ہوا مال واپس کر دیا۔

۵۔ اس زمانے میں ریل بس وغیرہ نہیں تھے۔

III۔ ان الفاظ کے مذکر اور مونث لکھیے:۔

ا۔ مرد: عورت۔ ۲۔ لڑکا: لڑکی۔ ۳۔ بھائی: بہن۔ ۴۔ چچا: چچی۔

۵۔ ماموں: مامی۔ ۶۔ شوہر: بیوی۔ ۷۔ دادا: دادی۔ ۸۔ نانا: نانی۔

IV۔ یہ جملے کس نے کس سے کہے:۔

ا۔ "میرے پاس کچھ اشرافیاں ہیں۔"

ج۔ یہ جملہ سبق سچائی کا پھل سے لیا گیا ہے۔ یہ جملہ شیخ عبدالقادر جیلانی نے ڈاکوؤں سے کہا۔

Scanned with CamScanner